ماڈیول 7

بڑا کھلی فضا

ہیلو، فیملی!

اگلے والے تین ہفتوں کے دوران، ہماری کلاس فطرت کے بارے میں سیکھے گی، اورہم تحقیق کریں گے کہ کیسے فطرت کے اندر چیزیں بدل سکتی ہیں۔
ہم مختلف قسم کے ماحولیات کے بارے میں پڑھیں گے اور فطرت کی خوبصورتی کا مشاہدہ کریں گے۔ بچے دلچسپ تبدیلیوں کے بارے میں جانیں گے کہ کیسے وہ واقع ہوتی ہیں، جیسے بڑی وادی کیسے بنتی ہے اور کیسے پانی کا چکرکام کرتا ہے۔ وہ فطرت میں موجود پسندیدہ چیزوں کے بارے میں نظم بھی لکھیں گے۔

اسے گھر لائیں! پورے خاندان کے لیے سیکھنے کی تفریح!

بڑے خیال کے الفاظ

جب آپ اپنے بچے کے ساتھ پڑھتے یا بات کرتے ہیں تو موضوع کے ان اہم الفاظ کا استعمال کریں:

سائکل (cycle)
عمل تبخیر (evaporation)
سیال (liquid)

روزمرہ کی گفتگو میں اس طرح کے سوالات کو شامل کرنے کی کوشش کریں:

- تتلی کی زندگی کے نظام کے بارے میں آپ کیا بتا سکتے ہیں؟
- پانی کے گڑھے میں سورج کی گرمی کیسے بخارات بننے کا سبب بنتی ہے؟
- سیال کی کون سی قسم آپ پینا پسند کرتے ہیں؟

آئیے مل کر پڑھتے ہیں

ہر روز اپنے بچے کے ساتھ پڑھنے کے لیے ایک خاص وقت اور جگہ بنائیں۔

فطری دنیا کے بارے میں اس ماڈیول کے دوران، اپنے پڑھنے کے وقت ان سرگرمیوں کو ایک ساتھ آزمائیں:

- کتاب پڑھتے وقت، کتاب میں موجود جانوروں اور فطرت کی دوسری آوازوں کی نقل کریں۔
- ری سائکلنگ کے بارے میں پڑھیں اور ری سائنکلنگ کا پروجیکٹ شروع کریں۔ گھر پر ری سائکل کے لیے یا پھر ری سائکلنگ سینٹر کو عطیہ دینے کے لیے پیپر اور پلاسٹک جمع کریں۔
- اس بارے میں بات کریں کہ ہمارے ماحولیات کے لیے پانی کتنا اہم ہے۔ پانی کے تعلق سے مضامین پڑھیں اور پانی کم استعمال کرنے کے طریقوں کے بارے میں سوچیں۔



ورڈ پلے

ایسی مہارتیں تیار کرنے میں مدد کے لیے الفاظ کے ساتھ کھیلیں جو پڑھنے کے لیے اہم ہیں۔

- **ہفتہ 1: ایک کٹ پیارا نہیں ہے!**
لفظ cut لکھیں اورکہیں۔ cut کو cute میں بدل کر *e*– جوڑیں۔ لمبے *u* واویل آواز پر زور ڈالیں۔ لفظ *tub/tube* اور *cub/cube* کے ساتھ دوہرائیں۔
- **ہفتہ 2: میں ea الفاظ پتا لگاتا ہوں۔**
کتاب پڑھتے وقت *I Spy* کھیل کھیلیں۔ شورٹ *e* والے الفاظ تلاش کریں جو *ea* کا تلفظ دیتے ہوں جیسے head اور *bread*۔ ان الفاظ کونوٹ کرتے ہوئے پڑھیں جن کے دو واویل ایک آوز دیتے ہوں۔
- **ہفتہ 3: واویل ٹیم چیلنج : *ai* یا *ay***
دیکھیں *ai* یا *ay* واویل ٹیم کے ساتھ سب سے زیادہ الفاظ کون لکھ سکتا ہے۔ مثالیں: *stay*، *day*، *player*، اور *sail*، *snail*، *rain* شامل ہیں۔ اپنے الفاظ کی لسٹ کو با آوازبلند پڑھیں۔

© Houghton Mifflin Harcourt Publishing Company. All rights reserved.